مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں تبلیغی واصلاحی پروگرام

مورخہ 8 اگست بروز سوموار بعد نماز عشاء تبلیغی واصلاحی پروگرام رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر حفظہ اللہ کی سرپرستی میں منعقد ہوا، اس پروگرام میں مولانا ابوسلمان جاوید اقبال محمدی حفظہ اللہ (بحرین) نے پُرمغز اور مفصل درس ارشاد فرمایا جس میں کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

جامع مسجد غازی اہل حدیث بالمقابل عوامی میرج ہال میرپور آزاد کشمیر میں عظیم الشان اتحاد امت سیمینار بسلسلہ تحفظ حرمین شریفین ویکجہتی کشمیر

مورخہ 12 اگست بروز جمعہ بعد نماز عشاء جامع مسجد غازی اہل حدیث میرپور میں عظیم الشان اتحاد امت سیمینار منعقد ہوا، جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی جبکہ مہمان خصوصی مولانا محمد صدیق بالاکوٹی امیر مرکزیہ آزاد کشمیر اور حاجی محمد حنیف زرگر امیر مرکزیہ میرپور تھے۔ پروگرام کا آغاز قاری سعید الرحمان سعید مدرس تدریس القرآن محمدیہ چتر پڑی کی تلاوت سے ہوا، حمد ونعت قاری محمد منشاء قادری نے پیش کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض حافظ خلیل الرحمٰن خطیب چچیاں نے سرانجام دیئے۔ صدارتی خطبہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے ارشاد فرمایا اور آخری خطاب حضرت مولانا حافظ محمد یوسف پسروری نے کیا۔

وفیات

چوہدری خرم شہزاد کو صدمہ

مورخہ 22 جولائی بروز جمعہ چوہدری خرم شہزاد کی چچازاد بہن انگلینڈ میں وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ کی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

عمران احمد لون کو صدمہ

مورخہ 24 جولائی بروز اتوار انجمن اہل حدیث جہلم کے سابق سیکرٹری بشیر احمد لون مرحوم کے بیٹے اور عمران احمد لون کے چچا ظفر احمد لون مشین محلّہ نمبر 3 میں وفات پاگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم و صلوٰۃ کے پابند اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔